شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

06اپریل2023ء

پریس ریلیز

اسرائیل کا مسجدِ اقصیٰ میں نمازیوں پر حملہ بدترین ریاستی دہشت گردی ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): اسرائیل کا مسجدِ اقصیٰ میں نمازیوں پر حملہ بدترین ریاستی دہشت گردی ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔اُنہوں نے کہا کہ جب سے فلسطین پر یہودی ناجائز طور پر قابض ہوئے ہیں مسلمانوں پر ان کا ظلم وستم جاری ہے۔ صیہونی ریاست نے رمضان کے مبارک مہینے میں مسجدِ اقصیٰ میں نمازیوں پر وحشیانہ حملہ کر کے روایتی درندگی اور سفاکیت کا مظاہرہ کیا ہے۔ رمضان المبارک کی مقدس ساعتوں میں مسجد اقصیٰ کے احاطہ میں عبادت میں مشغول مسلمانوں پر دھاوا بول کر صیہونی ریاست نے ایک مرتبہ پھر اپنے اسلام دشمن رویے کا برملا اظہار کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسرائیل اسلام دشمنی میں تمام حدیں پار کر چکا ہے اور فلسطینی مسلمانوں کی نسل کشی پر تلا ہوا ہے۔ لیکن انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ مسلم ممالک اب بھی فلسطینی مسلمانوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کرنے والی ناجائز صیہونی ریاست سے تعلقات بڑھانے پر آمادہ نظر آتے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ مسلم ممالک کو ادراک ہو جانا چاہئے کہ اسرائیل مسلمانوں کا کبھی دوست نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا تمام مسلم ممالک مل کر اسرائیل کا مکمل مقاطعہ کریں اور صیہونی ریاست پر پابندیاں لگا کر اس کا ناطقہ بند کریں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Thursday 06 April, 2023

"The Israeli assault on worshippers in the Al-Aqsa Mosque is the most atrocious form of state terrorism."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): The Israeli assault on worshippers in Al-Aqsa Mosque is the most atrocious form of state terrorism. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that Israeli oppression and cruelty against the Muslims has been unrelenting ever since the Jews illegally occupied Palestine. The Zionist state displayed its trademark savagery by mercilessly attacking worshippers in the Al-Aqsa Mosque during the blessed month of Ramadan. By assaulting the worshippers after surrounding the Al-Aqsa compound during the sacred hours of blessed Ramadan, the Zionist regime has once more blatantly portrayed its anti-Islam tendencies. The reality is that Israel has crossed all limits in its Islamophobic terrorism, and is adamant on carrying out a complete genocide of the Palestinian Muslims. Furthermore, it is absolutely contemptible that Muslim nations still seem to be convinced of improving relations with that illegitimate Zionist state which enacts state-sponsored terrorism against the Palestinian Muslims. He said that it is high time that Muslim countries realize that Israel can never be an ally to them. Therefore, all Muslim nations must join forces in completely boycotting Israel, and impose restrictions on the Zionist state to thwart its nefarious designs.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan